# کشتہ کوڑی زرد



چیف ایڈمن عبدالکریم آزاد







## علم سنیاس و کشتہ سازی


بسم الله الرحمن الرحيم





علم سنیاس و کشتہ سازی گروپ



حکیم عبدالکریم آزاد سنیاسی





بسم اللہ الرحمن الرحیم

ٹوپک

# کشتہ کوڈی زرد



منجانب گروپ ایڈمنز



علم سنیاس و کشتہ سازی

ترتیب و تدوین حکیم قیوم خان

# کوڈی

سندھی میں کوڈیوں

بنگالی میں کڑی

پنجابی میں کوڈی کہتے ہیں

## ماہیت

سیپ کی مانند ایک دریائی جانور کا خول ہے جو دریا اور سمندر سے نکلتا ہے اس کی پیٹھ پر دانے سے ہوتے ہیں یہ سفید اور پیلی رنگت میں ہوتی ہے اور بطور دوا پیلی کوڈی استعمال ہوتی ہے اس کا ذائقہ بدمزہ اور پھیکا ہوتا ہے

## مزاج

گرم خشک۔بدرجہ دوم

## افعال

مجفف قوی، مسخن جالی، مقطع، محلل اور بلغمیہ

## استعمال بیرونی

مجفف اور مسخن ہونے کی وجہ سے ضماد کرنے سے اعضاء کی رطوبت کو خشک کرتی ہے اورام بلغمی کو تحلیل کرتی ہے جالی اور مقطع ہونے کی وجہ سے بیاض چشم کو دور کرتی ہے اور جلد کے نشانات کو زائل کرتی ہے مجفف ہونے کی وجہ سے عروق چشم کو بھی فائدہ پہنچاتی ہے

جب کان بہتا ہو تو زرد کوڑی جلا کر اس کی رکھ کان میں نلکی کے ذریعے ڈالیں اوپر سے لیموں کا رس ڈالیں تو جوش پیدا ہو کر کان صاف ہو جاتا ہے زرد کوڑی سرکہ میں تین روز بھگو کر خشک کر کے پانی میں گھس کر مہاسوں پر لگانا لیموں کے رس میں گھس کر مہاسوں پر لگانا بھی مفید ہے۔ نفع خاص

مجلی بصر و مجفف زخم

مضر

پھیپھڑے کیلئے

## مصلح

شہد یا سرکہ

## بدل

گھونگھا

## مقدار خوراک

کشتہ کوڑی نصف سے ایک گرام تک

# نام وخواص کوڈی زرد

## مختلف زبانوں میں کوڈی زرد کے نام

کوڈی

کوڑی

حلزون خورد

کچکوڈی

چچکوڈی

ودع

گوش ماہی

گنجک

لچک

کلاچک

کس گربہ کہتے ہیں

شناخت یہ بھی حلوزون کی مانند آبی جانور کا غلاف یا کھول ہے بلحاظ وزن شکل صورت مختلف قسم کی ہوتی ہے البتہ حلزون کے خواص رکھتی ہے اس کے علاوہ ہر عضو سے جریان خون کو بند کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے

ہر قسم کے زخم سوزاک کہنہ آتشک تپ فساد خون امراض معدہ و شکم سنگر ہنی جریان و سیلان مرد و زنان کے لئے مفید و مستعمل ہے

## نسخہ کوڈی زرد

**100** گرام کوڈی کو گرم کرکے

دھی کی لسی میں **7** بار بجھاؤ دیں بعد از

**500** گرام شیشم کے پتوں کا نغدہ بنا کر درمیان میں کوڈی کچھ فاصلے پر رکھ کر بند گل کرکے

**20** کلو اپلوں کی گڑھے میں آگ دیں سرد ہونے پر نکالیں تمام کشتہ کو احتیاط سے الگ کرکے باریک کھرل کرکے محفوظ رکھیں

## مفرد مقدار خوراک

**2** سے **4** رتی ہمراہ مکھن بلائی دودھ

## نسخہ مرکب سوزاک کے لئے

**10** گرام کشتہ کوڈی

50 گرام کباب چینی

5 گرام روغن بہروزہ

تمام کو سفوفاً مکس کر کے 500 ملی گرام والے کیپسول بھرلیں ایک ایک کیپسول دن میں تین بار پانی سے دیں

## نسخہ مرکب کوڈی

زخم پھیپھڑوں کا انفیکشن سرطان کے لئے

10 گرام کشتہ کوڈی

2 گرام جوھر منقہ

دونوں کو اچھی طرح کھرل کر کے محفوظ رکھیں

## استعمال خوراک

دو سے چار رتی ہمرہ مکھن بلائی یا مناسب بدرقہ سے دیں

عبدالکریم آزاد

اہم نکتہ

یہ نسخہ سپرم کی کمی اور بے اولادی کیلیئے بھی بہت موثر ہے

## کوڈیاں زرد برائے جراثیم مردانہ

کوڈیاں زرد **10** تولہ کو اٹ سٹ ایک پاؤ کے نغدہ میں رکھ کر مضبوط گلحمت کرکے **10** کلو کی آگ دیں۔

پھر بکرے کے کپورے **2** عدد مصری ملا کر کھرل کریں پانی خشک کرکے سنمپٹ کریں اور **2** کلو کی آگ دیں۔

اب دونوں کشتوں کو ملالیں۔خوراک اماشہ صبح شام خالی معدہ ہمراہ گھڑے کا پانی۔

مجرب

سید محمد عمران شاہ

# برائے پتھری گردہ مثانہ

کوڈیاں زرد 20 عدد

لیموں کا پانی۔ ایک لٹر

شیشے کی بوتل میں کوڈیاں اور لیموں کا پانی ڈال کر دھوپ میں رکھ دیں۔ وقتاً فوقتاً بوتل کو اچھی طرح ہلا دیا کریں۔ چار سے پانچ دن میں تمام کوڈیاں حل ہو جائیں گی۔ نتھار کر پانی پن لیں

## خوراک

2 چمچ تین دفعہ دن میں

انشااللہ جتنی بھی پتھریاں ہونگی ایک ہی کورس سے ختم ہو جایئں گی۔ بارہا کا مجرب نسخہ ہے

حکیم سید محمد عمراب شاہ

# پتھری کیلئے مجرب المجرب اعلی رزلٹ کا حامل نسخہ

آپ دوستوں کیلئے پیش خدمت ہے

## ھوالشافی

## نسخہ برائے پتھری گردہ و مثانہ

بندش پیشاب درد گردہ

مجرب و آزمودہ

کشتہ سنگ یہود بھکڑا یا مولی میں تیار شدہ

سنگ سرماہی + سوہاگہ بریاں + پھٹکڑی سفید بریاں + نمک ترب + تخم ترب + تخم شبت + تخم خربوزہ + بھکڑا + حب کاکنج + دال کلتھی + الائچی کلاں + زیرہ سفید + کباب چینی + ریوند چینی + جو کھار + قلمی شورہ + نوشادر ٹھیکری تمام **10 + 10** گرام

کوزہ مصری **150** گرام

تمام ادویہ کا سفوف بنالیں تیار ہے

## خوراک

آدھی چمچ چائے والی

**2** ٹائم

صبح نہار اور بوقت عصر خالی پیٹ ہمراہ دودھ کی کچی لسی. عرق سونف خالص یا شربت بزوری خود ساختہ کے ہمراہ

پانی و کچی لسی کا استعمال زیادہ سے زیادہ کریں پتھری چند دن میں ریت بن کر بزریعہ پیشاب خارج ہو جائے گی انشاءاللہ

مجرب المجرب

## فوائد

پتھری گردہ و مثانہ

گردے کا درد و سوزش

پیشاب کی رکاوٹ یا کھل کر نہ آنا

کیلئے اکثیر الاثر بہت اعلی دوا ہے

## مہر راشد سیال

# کشتہ پارہ

یہ کشتہ چند منٹ میں آسانی کیساتھ تیار ہو جاتا ہے۔ اور اہل علم بہت سی امراض بلکہ جسم کی تمام امراض پر استعمال کر سکتے ہیں۔

پارہ۔ ایک تولہ

تیزاب گندھک۔ 1 تولہ

تیزاب شورہ۔ 1 تولہ

کیلے کے ڈنڈے کا پانی۔ 5 تولہ

تمام اجزاء کو چینی کے برتن میں ڈال کر آگ پر رکھیں۔ دو چوبی آگ پر پکائیں۔ جب تمام عرق جل جائے تو پارہ کشتہ شدہ برامد ہو گا۔ رنگ بھورا ہو گا۔

اگر عمدہ کشتہ برامد ہوا تو تمام کشتوں کا بادشاہ ہوتا ہے۔ تمام بدن کو اور دماغ کو طاقت دیتا ہے۔ سل و دق تپ کو نہائت مفید ہے۔

کشتہ آگ پر ڈال کر کر چیک کریں اگر دھواں نہ دے تو قابل استعمال ہے۔

میں نے 2 دفعہ بنایا ہے نہائت اعلی کشتہ ہے۔

## خوراک

4 دانہ خشخاش کے برابر ہمراہ مکھن 2 تولہ

حکیم سید محمد عمران شاہ

## بادی بواسیر کا مجرب گھریلو علاج

ایک پیالہ دہی میں دو چمچ چھلکا اسپغول, اور دو چمچ خالص شہد ملا کر صبح خالی پیٹ لیں

نارمل درجہ کے مریض کو آٹھ دن کافی ہے. زیادہ تکلیف ہو تو بارہ پندرہ دن استعمال کریں

مجرب

از حکیم جعفی شیرازی

## کشتہ کوڈی زرد

پہلے گرم پانی میں سرف ڈال کر اس میں رات بھر کے لئے آدھا کلو زرد کوڈیوں کو رکھ دیا صبح خوب پانی سے غسل دیا دھوپ میں مکمل خشک کیا اور روغنی ھانڈی میں رکھ کر چھ کلو کی گڑھے میں آگ دی

کل ھی تیار کیا ھے کوڑی زرد کا کشتہ بلکل سفید تیار ھوا ھے۔ اس کی ایک سے دو رتی فم معدہ کے درد پہ فوری آرام دیتی ھ

حکیم سید عبدالغنی بخاری

## برائے پتھری گردہ مثانہ

کوڈیاں زرد 20 عدد

لیموں کا پانی۔ ایک لٹر۔

شیشے کی بوتل میں کوڈیاں اور لیموں کا پانی ڈال کر دھوپ میں رکھ دیں۔ وقتاً فوقتاً بوتل کو اچھی طرح ہلا دیا کریں۔ چار سے پانچ دن میں تمام کوڈیاں حل ہو جائیں گی۔ نتھار کر پانی پن لیں۔

### خوراک

**2** چمچ تین دفعہ دن میں۔

انشااللہ جتنی بھی پتھریاں ہونگی ایک ہی کورس سے ختم ہو جائیں گی۔ بارہاکا مجرب نسخہ ہے۔

سید محمد عمران شاہ

اہم نکتہ

اسکولیموں کے پانی کی جگہ چکوترے کے پانی میں تیار کیا جائے تو رزلٹ زبردست ملتے ہیں

اہم نکتہ

دونوں میں ہی سٹرک ایسڈ ہے

## کوڈیاں زرد برائے جراثیم مردانہ

کوڈیاں زرد **10** تولہ کو اٹ سٹ ایک پاؤ کے نغدہ میں رکھ کر مضبوط گلحمت کر کے **10** کلو کی آگ دیں۔

پھر بکرے کے کپورے **2** عدد مصری ملا کر کھرل کریں پانی خشک کر کے سنمپٹ کریں اور **2** کلو کی آگ دیں۔

اب دونوں کشتوں کو ملالیں۔ خوراک اماشہ صبح شام خالی معدہ ہمراہ گھڑے کا پانی۔

مجرب

**سید محمد عمران شاہ**

## قوت باہ عجیب الاثر

صاحبو عزیزو آداب

انتظار ختم صاحبو فقیر حاضر نسخہ عجیب الاثر لیکر کہ ہماری پھکی جس نے چکھی یاد رکھی یہ وہ نسخہ صدری ہے جو مہایوسین اور سنیاسی اپنے بیٹوں کو بھی بتانے سے کتراتے ہیں اور مٹی کے نیچے جا سوتے ہیں اللہ بچا رکھے بخیلی سے جو شخص آقا نبی آخر حضرت محمد صل اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نام آنے پر درود شریف نہیں بڑھتا بخیل ہے تو التماس ہے کہ ورد درود شریف جاری رکھیں کہ ہر

قسم کے بخل سے بچتے رہیں مخلوق خدا کے لی ئے بھلائی کا باعث بنیں اور صدقہ جاریہ کو جاری رکھیں تو صاحبو دل تھام کے بیٹھو کہ نسخہ حاضر خدمت ہے

## ھوالشافی

شنگرف اعلٰی درجہ کی ایک تولہ لیکر خوب کھرل کریں اور اسمیں شراب خانہ خراب برانڈی ولایتی کی ایک پاؤوالی بوتل کے دودو تین تین قطرے ڈال کر کھرل کرتے جایں جب پوری بوتل ختم ہو جائے شنگرف کی بنٹے کے برابر دو تین گولیاں بنا کر جتنی گولیاں ہوں اتنے ہی انڈے لیکر ان میں سے سفیدی خارج کر دیں زردی رہنے دیں میں ایک ایک یہ مزکورہ گولی ڈال دیں اور ان پر انڈوں کے چھلکے رکھ کر بند کر دیں اور اوپر ایک ململ کا کپڑا لپیٹ کر ماش کی دال کا آٹا گوندھ کر لگا کر گولا بنا دیں اب ان گولوں کو ہلکی آنچ پر دیسی گھی میں اسقدر تلیں کہ سرخ ہو کر براؤن ہو جایں اب ان کو ٹھنڈا کر کے شنگرف کی گولیاں نکال کر دوبارہ اسی طرح انڈوں میں بند کر کے تلیں اور اسی طرح فی گولی کم از کم دو در جن انڈوں میں تلیں کہ ان گولیوں میں سے شراب خانہ خراب کا اثر جاتا رہے اب شنگرف نکال کر شیشے کی بوتل میں محفوظ کر لیں گوہر نایاب ھاتھ آ گیا قوت باہ کے شاکی افراد ایک ہی خوراک جو کہ ایک چاول

بھر ہمراہ دودھ مکھن ہے سے الٹی قلابازیاں لگانے لگتے ہیں پانچ سے سات خوراک بہت کافی و شافی ہوتی ہیں اب دعا کی استدعا کے ساتھ فقیر کو اجازت اللہ آپ صاحبوں کا حامی وناصر دین دنیا اور آخرت میں کامیابی بحق اھلیبیت علیہ السلام حاصل ہو اور قبر وحشر میں شفاعت نبی کریم حضرت محمد صل اللہ علیہ و آلہ وسلم واھلیبیت الطاہرین علیہ السلام حاصل ہو دنیا اور آخرت میں شرمندگی سے بچ رہیں آمین

## فقیر حکیم سید مبشر علی

یہ نسخہ میں بھی بناتا ہوں **500** ایم جی کا کیپسول صبح نہار پیٹ دودھ سے دیتا ہوں جریان اور لیکوریا کیلیئے لاجواب رزلٹ ہے اسکے

## کشتہ کوڑی زرد

کوڑی زرد ایک پاؤ

گودہ گھیکوار آدھا کلو

گائے کا دودھ حسب ضرورت

## ترکیب تیاری

کوڑی زرد کو گودہ گھیکوار کے درمیان رکھ کر بند گلحکمت کر کے ایک من کی آگ دیں سرد ہونے پر نکال کر بکری یا پھر گاے کے دودھ سے کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر ایک اور آگ دیں سفید ملائم کشتہ ہو گا

## خوراک

ایک رتی سے چار رتی تک ہمراہ شہد یا مکھن سے

## فوائد

نہایت عمدہ کیلشیم ہے. امراض شکم میں فائدہ مند ہے، جریان، سیلان الرحم، احتلام، میں زبردست کام کرتی ہے. کمزور ہڈیوں کو طاقتور بناتا ہے، سنگر ہنی کو بھی فائدہ مند ہے

حکیم محمد رضوان اللہ رفاعی انڈیا

## کشتہ کوڑی زرد

کوڑی زرد ایک پاؤ

برگ بھنگ آدھاکلو

## ترکیب تیاری

کوڑی زرد کو بھنگ کے نغدہ کے درمیان رکھ کر بند گلحکمت کر کے ایک من کی آگ دیں سرد ہونے پر نکال کر باریک پیس کر رکھ لیں

## خوراک

**500** ایم جی یا **1000** ایم جی صبح وشام ہمراہ دودھ

## فوائد

کثرت حیض، جریان خون ہر قسم، بواسیر خونی، جریان وسیلان الرحم کیلئے شاندار رزلٹ دیتی ہے

حکیم محمد رضوان اللہ رفاعی انڈیا

# کشتہ کوڑی زرد

کوڑی زرد 100 گرام

برگ جھاؤ آدھا کلو

## ترکیب تیاری

کوڑی زرد کو برگ جھاؤ کے باریک نغدہ میں رکھکر بند گلحکمت کر کے ایک من کی آگ دیں

سرد ہونے پر نکال کر باریک پیس کر رکھ لیں

## خوراک

ایک رتی سے دو رتی تک

## فوائد

تلی کیلئے ہمدرد کی جگرین کے ساتھ دیں

ٹوٹی ہوئی ہڈی کیلئے چار رتی دودھ اور شہد سے دیں

بخاروں میں عرق گاؤزبان سے دیں

## حکیم محمد رضوان اللہ رفاعی انڈیا

# برائے حمل

ایک آدمی چند دن پہلے عید کے دوسرے دن میرے پاس اٹھراء کی دوائی و تعویز لینے آیا۔ اس نے بتایا کہ وہ قصاب ہے اور اپنے قصبے میں گوشت کا کاروبار کرتا ہے۔ اس نے بتایا کہ شادی کو آٹھ سال ہو گ ئے تھے لیکن اولاد نہیں تھی۔ ایک دن گوشت بنا رہا تھا اور کچھ دوست اولاد نہ ہونے کی وجہ سے مزاق کر رہے تھے۔ کہ ایک شخص جو گوشت خریدنے آیا تھا اس نے مجھے کہا کہ کاغز پنسل لاو نسخہ لکھ کر دیتا ہوں دونوں میاں بیوی استعمال کریں۔ اس نے بتایا کہ میں نے اسی دن وہ نسخہ بنایا اور اپنی بیوی کو کھلانا شروع کیا مگر خود نہ کھا سکا۔ لیکن اللہ پاک نے اپنا فضل کیا اسی ماہ حمل ہو گیا اور ڈیٹ نہیں آئی۔ اللہ پاک نے بیٹا دیا لیکن وہ پیدائش کے چند دن بعد فوت ہو گیا۔ اب دوسری دفعہ دوائی کھلائی ہے اور اسکی بیگم دوبارہ حاملہ ہے۔ اس نے بتایا کہ وہ آٹھ دس بے اولاد لوگوں کو یہ نسخہ استعمال کروا چکا ہے اور سبھی کو فائدہ ہوا ہے۔ میں نے نسخہ حاصل کیا اور آپ تمام احباب کے پیش خدمت ہے۔

نسخہ

موصلی سفید۔3تولہ عقر قرحا۔3تولہ۔تباشیر 3تولہ۔الائچی سبز۔1تولہ۔چھلکا اسبغول۔5تولہ۔

تمام اجزاء خالص لیں۔اور علیحدہ علیحدہ پیس کر مکس کریں۔

مصری علیحدہ پیس کر رکھ لیں۔ آدھا چمچ مصری اور آدھا چمچ یہ سفوف صبح خالی معدہ گھڑے کے پانی کے ساتھ میاں بیوی دونوں استعمال کریں۔

## نوٹ

یہ ایک جوڑے کا مکمل کورس ہے۔

سید محمد عمران شاہ

## ضعف معدہ

کوڑی سوختہ اتولہ

دانہ الائچی خورد تین گرام

لونگ تین گرام

مصری دو تولہ

تمام ادویات کو باریک پیس لیں

کھانا کھانے کے بعد چار رتی سے ا گرام ہمراہ پانی

بناو اور فائدہ اٹھاو

حکیم عبدالجبار ٹوبہ ٹیک سنگھ

## کھانسی

کوڑی زرد سوختہ

سوہاگہ بریاں

برابر وزن بلکل باریک پیس لیں

مقدار خوراک

چار رتی سے اماشہ تک ہمراہ نیم گرم پانی یا چاے کے ساتھ

انشاء اللہ ایک ہفتہ کے لگاتار استعمال سے کہنہ سے کہنہ کھانسی حرف غلط کی طرح مٹ کر صحت ہو جاے گی

حکیم عبد الجبار ٹوبہ ٹیک سنگھ

## بواسیر کے لیے

میں یہ نسخہ بناتا ہوں مجھے بہت اچھے رزلٹ ملے ہیں

نسخہ

کوڑی زرد چار تولہ سوختہ

نیلا بریاں دو تولہ

پوست ہلیلہ زرد اتولہ

کتھ سفید اتولہ

رسونت اتولہ

برگ مہندی خشک اتولہ

تخم بکائن اتولہ

ہلدی اتولہ

سب کو عرق گلاب میں کھرل کرکے نخودی گولیاں بنالیں

صبح شام اگولی ہمراہ آب تازہ اور گھی کی چوری لازمی استعمال کرائیں

## خونی بواسیر کے لئے

میں یہ نسخہ استعمال کرتا ہوں جو بہترین چیز ہے سرنجاں تلخ ایک تولہ اجوائن خراسانی سانی دو تولہ چاسکو چار تولہ پوست ریٹھہ آٹھ تولہ چینی سولہ تولہ کوٹ چھان کر پانچ سو ملی گرام کپسول بھرلیں صبح نہار منہ پانی سے شام کھانے کے بعد پانی سے ایک ہفتہ میں آرام ہو جائے گا مگر تین ہفتے استعمال کریں گوشت تلی چیز سے پرہیز کریں

# مرہم برائے زخم آتشک

کوڑی سوختہ پانچ گرام

رسونت پانچ گرام

رسکپور پانچ گرام

مردار سنگ پانچ گرام

کمیلہ پانچ گرام

موم زرد پندرہ گرام

روغن گاو چار تولہ

تمام ادویات کو نہایت باریک پیس کر رکھ لیں

پہلے موم کو روغن گاو میں ڈال کر اگ پر رکھیں جب موم پگھل جائے تو دوسری ادویات ملا کر اتار لیں

اتشک کے زخموں پر لگائیں انشاء اللہ ایک ہفتہ لگانے سے گلے سڑے زخم بلکل ٹھیک ہو جاتے ہیں اعلی درجہ کی مرہم ہے بناو اور دعاوں میں یاد رکھیے گا

یہ میرے مجرب ترین نسخے ہیں

حکیم عبد الجبار ٹوبہ ٹیک سنگھ

## ورم پستان کے لیے بہت ہی زبردست نسخہ

کوڑی سوختہ اتولہ

مویز منقی دوتولہ

مغز بادام اتولہ

ایک تولہ پانی کے زریعے پیس کر گاڑھا سا ضماد بنا کر ورم پر لگا دیں انشاء اللہ دوسری دفعہ لگانے کی تو شاذو نادر ہی ضرورت پڑے گی اللہ حافظ

حکیم عبد الجبار ٹوبہ ٹیک سنگھ

# سنیاسی نسخہ برائے لیکوریہ

میرے ایک بزرگ دوست لیکوریہ کی صرف تین خوراکیں فی سبیل اللہ دیتے تھے اور پرانے سے پرانا لیکوریہ تین خوراک سے ہی ٹھیک ہو جاتا تھا۔ مجھے نسخہ اس شرط پر بتایا کہ کسی سے پیسے نہیں لینے۔ الحمد للہ فی سبیل اللہ دے رہا ہوں اور شاندار رزلٹ ہے۔

## ھوالشافی

کوڈیاں زرد۔ **250** گرام

مکھن۔ **250** گرام

اچھی طرح گلحکمت کر کے ایک من کی آگ دیں۔

## خوراک

**1** ماشہ ہمراہ مکھن یا ملائی خالی معدہ

**حکیم سید محمد عمران شاہ**

# کشماتِ انجیر

میرے پاس ایک شخص آیا اور کہا کہ میری بیوی کو شدید بواسیر کی وجہ سے بہت تکلیف ہے درد وجلن بہت زیادہ ہے مسے بھی ہیں تو میں نے اس وقتی آرام وسکون کے لیے دوادی اور اس کو کہا کہ آپ ایک کلو انجیر اور ایک کلو شہد لائیں تو اس نے چند دن بعد

انجیر وشہد لا کر مجھے دیے. میں نے انجیر کو قیمے کی مشین کے ذریعے باریک کر کے شہد ملا کر معجون سا بنایا اور س بندے کو دے دیا اور کہا کہ یہ صبح نہار پیٹ ایک چمچ دوپہر کو کھانے سے پہلے اور رات سوتے وقت ایک ٹیبل سپون ہمراہ نیم گرم دود کھلائیں تو تقریبا ایک دو مہینے اس نے کھلا کر بہت خوش تھا اور مجھے دعائیں دیتا تھا اور کہا کہ ڈاکٹروں نے تو اپریشن کا کہا تھا اس معجون سے بواسیر کے مسے بالکل ختم ہو گئے تمام عضلاتی امراض کے مریضوں کو بہت مفید ہے کیونکہ قبض کو بھی ختم کرتی ہے بے خوابی اور کمزوری بدن اور خصوصاً جوڑوں کے درد وجعُ المفاصل کے لئے بھی خاص طور پر مفید ہے تو استعمال کروائیں اور دعاوں میں مجھ ناچیز کو یاد رکھیں آپکا بھائی

حکیم جمیل احمد پیر سباقی

# آتشک, سوزاک, بواسیر خونی, لیکوریا اور کثیر الدم کیلئے

طوطیا سبز **10** گرام

کافور دیسی **40** گرام

کافور اوپر نیچے رکھ کر گلحکمت کر کے پانچ کلو کی آگ دیں

ٹھنڈا ہونے پر نکال کر محفوظ کر لیں

## خوراک

دو چاول ہمراہ مکھن **30** گرام صبح ناشتہ کے بعد دیں اس کے بعد ایک پاؤ دودھ نیم گرم بطور چائے دیں

آتشک, سوزاک, بواسیر خونی, لیکوریا اور کثیر الدم کیلئے از حد مفید ہے. پہلی خوراک ہی پورا پورا اثر دکھاتی ہے. ایک ہفتہ میں مکمل آرام آجاتا ہے. بیماری چاہے جتنا پرانی کیوں نہ ہو

حکیم محمد جاوید بھٹی ایڈووکیٹ

# تمام جسمانی درد, جوڑوں اور گھٹنوں کے درد کیلیئے

سورنجاں تلخ

زاج ابیض بریاں

برابر وزن حسب ضرورت گوند ببول سے چھوٹے بیر برابر گولیاں بنائیں. صبح دوپہر شام دودو گولی ہمرہ تازہ آب

تمام جسمانی درد, جوڑوں اور گھٹنوں کے درد کو ایک ہفتہ کے استعمال سے مکمل آرام آجاتا ہے

حکیم محمد جاوید بھٹی ایڈووکیٹ

## سنیاسی تحفہ برائے

خونی وبادی پرانے سے پرانی

بواسیر کا 10 سے 15 دن میں حتمی علاج

هوالشافی

## نسخہ

نیلا تھوتھا **250** گرام

دیسی انڈے کی سفیدی **40** عدد

## بنانے کا طریقہ۔

ایک عدد سوتی سفید کپڑا جس میں **250** گرام نیلا تھوتھا اور **40** عدد دیسی انڈے کی سفیدی آجائے۔ کپڑے کو **4** تہ لگا کر آدھی سفیدی نیچے اور پھر نیلا اور پھر سفیدی ڈال کر ایک پوٹلی بنالیں۔ اور نیلے کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر کے پوٹلی بنانی ہے۔ اس پوٹلی کو ہانڈی میں ڈول جنتر کرنا ہے پانی میں۔ اور ڈھائی گھنٹے درمیانی آگ پر پکائیں۔ پانی نیلا ہونا شروع ہو جائے گا اور دوسری طرف دوسری ہانڈی میں بھی گرم پانی رکھیں۔ جب ڈھائی گھنٹے پکالیں گے تو پوٹلی کو دوسری ہانڈی میں مزکورہ طریقہ سے ڈھائی گھنٹے پکائیں۔ **4** عمل کے بعد دو لکڑی کے چمچے لیں۔ جب پوٹلی ڈول جنتر میں پک رہی ہو گی تو پوٹلی کو چمچوں سے دباتے رہیں تاکہ نیلا ٹھیک طریقہ سے پکے۔ ہر عمل ڈھائی گھنٹے کر کے نیا عمل نئی ہانڈی میں کریں جیسا کہ مزکورہ طریقہ میں بتایا گیا ہے۔ جب پانی کا رنگ نیکا ہو جائے اور ڈھائی گھنٹے پک جائے تو نیا عمل نئے پانی سے

کرنا ہے۔ اور اسی طرح عمل کرتے رہیں جب 15 یا 16 عمل کے قریب ہو گا تو نیلا تھوتھا ہانڈی میں نیلے پانی کا رنگ چھوڑنے کی بجائے سبز رنگ کا پانی کر دے گا۔ سبز پانی میں نیلا تیار ہو گا اور انڈے کی سفیدی بھی نیلے کے ساتھ پک کر مرکب بن چکی ہو گی۔ اب اس پوٹلی کو نکالیں اور کسی سائے والی جگہ پر لٹکائیں تاکہ پانی خشک ہو جائے۔ جب پانی خشک ہو جائے تو نیلا کو کسی برتن میں سائے میں اچھی طرح خشک کریں اور کھرل میں ڈال کر سرمہ کی طرح پیس لیں۔

لیں جناب آپ کی دنیا کی اعلیٰ ترین بواسیر کا سنیاسی کشتہ تیار ہے۔

## مقدار خوراک اور استعمال

چھوٹے چنے جتنا وزن مکھن 20 سے 30 گرام میں رکھ دودھ کے ساتھ دیں۔ 15 دن میں سالوں پرانی بواسیر بادی و خونی و موہکے مسے ختم کر دیتی ہے۔ بنائیں اور دعاوں میں یاد رکھیں۔

خاکسار۔

حکیم مہر حسنین رضا

## کشتہ کوڑی مقوی دماغ

## ھوالشافی

کوڑی،،،،،،،،،،،،،،**2**تولہ

صدف،،،،،،،،،،،،**2**تولہ

دونوں کو جوشاندہ گاؤزبان کے ہمراہ دودن کھرل کر کے ٹکیہ بناکر خشک ھونے پر گلحمت کر کے **10** سیر جنگلی اپلوں کی آگ دیں سرد ھونے پر نکال کر پیس کر شیشی میں رکھیں

## خوراک

**4**رتی سے ایک ماشہ تک نہار منہ ہمراہ مکھن دیں

## فوائد

دماغی امراض جو کہ ضعف دماغ کی وجہ سے ھوں ان کے لیے اکسیری تحفہ ھے چند دن میں

دماغ از حد طاقت ور ھو جاتا ھے

**سید اعجاز حسین گیلانی**

# گھٹنوں کے درد

وکالت کے دور میں ایک مسئلہ در پیش ہوا۔ کہ میری والدہ کو جوڑوں خصوصا" گھٹنوں میں درد شروع ہوا وہ بہت تکلیف میں تھی تمام ڈاکٹرز سے مشورہ کے بعد ان کو صرف **pain killer** دیئے گئے۔ اور جب میں نے مختلف ڈاکٹرز سے اس سلسلے میں گفتگو کی تو پتہ چلا کہ یہ **arthritis** ہے اور اس کا سوائے درد ختم کرنے والے کیپسولز کے کوئی علاج نہیں ہے بہت پریشانی ہوئی۔ اور ایک موقع ایسا آیا کہ درد کی گولیوں کا اثر ختم ہو گیا۔ میں والدہ صاحبہ کے درد کی وجہ سے بہت پریشان تھا کہ ایک دن والدہ صاحبہ نے مجھے کہا کہ اب میں اٹھ کر کھڑی بھی نہیں ہو سکتی اور زیادہ پریشانی ہوئی اور میں اسی پریشانی میں کچہری جا رہا تھا کہ مجھے راستے میں ریلوے کا ایک ملازم ملا جو ہمارے گھر سے تھوڑے فاصلے پر رہتا تھا علیک سلیک ہوئی تو مجھے کہنے لگا آپ مجھے پریشان لگ رہے ہیں میں نے اسے والدہ کے گھٹنوں کے درد کے بارے بتایا اس نے مجھے کہا کہ یہ مرض مجھے بھی ہے مگر میں نے اس پر قابو پالیا ہے اور یہ کہا کہ شام کو وہ ایک فروٹ لا کر دے گا اور طریقہ بھی بتائے گا۔ اس روز شام کو وہ مالٹے سے تھوڑے بڑے سائز کے چھ سات دانے ایک پھل کے لے آیا جو میں نے کبھی نہیں دیکھا تھا۔ اس نے

اس کا نام بیل پتھر بتایا اور استعمال کا طریقہ یہ بتایا کہ اس کو دھوپ میں رکھ دیں اور جب یہ سوکھ کر ھلکے ھو جائیں تو ان کو گرائینڈ کر کے سوجی اور گھی ملا کر ان کا حلوا بنانا ھے اور رات کو صرف ایک چمچ کھا کر سو جانا ہے۔ ھم نے اس کی ھدایات پر عمل کیا اور والدہ صاحبہ نے رات کو ایک چمچ حلوہ پانی کے ساتھ لیا اور جب صبح اٹھی تو بڑے آرام سے چل پھر رہی تھی اور درد بھی غائب تھا اس کے بعد ھمارے گھر سے کبھی وہ حلوہ ختم نہیں ھوا جب تک والدہ صاحبہ زندہ رہیں ان کو درد بھی نہیں ھوا۔ جوڈیشل سروس کے دوران میری پوسٹنگ سرگودھا ھوئی تو میرے ایک دوست جو کہ محکمہ زراعت میں ڈپٹی ڈائریکٹر تھے کی والدہ کا یہی مسئلہ پتہ چلا تو میں نے اسے فروٹ کا بتایا۔ اس کی فرمائش پر میں نے اپنے شہر سے وہ فروٹ منگوایا کیونکہ ھمارے شہر بھکر میں وہ صرف دو جگہ درخت لگا ھوا ھے۔ اس کا حلوہ بنا کر اس دوست کی والدہ کو دیا تو وہ جو ہر روز درد کا ٹیکا لگواتی تھی ٹھیک ھو گئی صرف اس دوائی سے جو میں نے گھر سے بنوا کر دی تھی۔ اس کے بعد اس دوست نے بتایا کہ اس فروٹ کو بل کہتے ہیں ۔ یہ پرانے ریسٹ ہاؤسز میں کوئی نہ کوئی درخت مل جاتا ھے۔ خان پور تبادلہ ھوا تو ایک سرکاری وکیل کے والد صاحب کا علاج بھی اسی حلوے والی دوائی سے کیا تو وہ بھی ٹھیک ھو گیا حالانکہ انہوں نے آغا خان

ھسپتال سے گھٹنے تبدیل کرانے کے لیئے وقت بھی لے لیا تھا مگر اس دوا سے وہ ٹھیک ھو گئے۔تو دوستو اس فروٹ کا نام بل ھے۔گھٹنوں کے درد کی بیماری بھی عام ھو گئی ھے شائد اس پوسٹ سے کئی لوگوں کا بھلا ھو جائے۔یہ فروٹ مالٹے یعنی اورنج سے تھوڑا سا بڑا اور بھاری ھوتا ھے۔مگر Arthritis یعنی گھٹنوں کے درد کا واحد علاج ھے۔

ماخوذ قلم محترم ڈسٹرک اینڈ سیشن جج (ر)

## ثناءاللہ خان نیازی صاحب

# کمر درد کے لیے

اسکا ایک نسخہ ہے کمر درد کے لیے بتا دیتا ہوں صرف **7** دن استعمال کرنا ہے۔

## ھوالشافیؒ

بل گری **100** گرام

چاروں گوندیں **100** گرام

کالی مرچ **2** تولہ

تینوں کو پیس کر یکجان کر لیں اور ایک کھانے کا چمچ شام کو نیم گرم دودھ سے صرف 7 دن دیں
۔ کمر درد کا مریض خود کہے گا کہ کمر درد بھی کوئی چیز ہوتی ہے کیا۔

**نوٹ**

چاروں گوندوں کا وزن 100 گرام یعنی ہر ایک 25 گرام

## جوڑوں کے درد گھٹنوں کے درد اور کمر درد

بات ہو رہی ہے جوڑوں کے درد گھٹنوں کے درد اور کمر درد تو میرا یہ سادہ سا نسخہ قبول کریں
۔ مجرب ہے کافی بار آزما چکا ہوں۔ جنسی طاقت پر بھی کام کرتا ہے

**نسخہ**

اسگند ناگوری

بھکڑا

سنڈھ

تمام ادویہ ہم وزن لیں کر خوب پیس لیں۔

ایک چمچ صبح شام دودھ کے ساتھ۔ بہترین رزلٹ ہیں۔

**نوٹ**

بہت اعلیٰ

میرے بھی زیر استعمال ہے

قبض, گیس, ریاحی دردوں اور اشتہاءے کازب کے لئے شاندار رزلٹ ہے. جزاک اللہ

## جوڑوں کے درد

آج جوڑوں کے درد پر بات ہو رہی تھی تو آپ لوگوں سے کہا تھا کہ نسخہ شئیر کروں گا میں نے آج تک مجرب اور آزمودہ نسخہ ہی شئیر کیے ہیں اور انشاءاللہ مجرب نسخے ہی شئیر کروں گا کتابی نسخے تو بہت ہیں روزانہ دس بیس بندہ شئیر کر دے لیکن جو تجربے میں نہ ہو اسکا کوئی فائدہ نہیں خیر زیادہ وقت نہ لیتے ہوئے نسخہ کی طرف آتا ہوں۔اس نسخے کا نام ہی جوائنٹ گریس ہے وہ لوگ جن کے گھٹنے یا جوڑ درد کرتے ہیں یا چکناہٹ ختم ہو گئی ہے **15** دن کے استعمال سے

75 فیصد رزلٹ ملتا ہے اور ایک ماہ کے استعمال سے مکمل علاج ہو جاتا ہے چاہے مریض 80 سال کا کیوں نہ ہو۔ اور 3 ماہ کے استعمال سے بوڑھ بھی ایسے بھاگے گا جیسا 10 سال کا بچہ تعریف زیادہ کرنے سے تو بہتر ہے کہ آپ لوگ بنائیں اور آزمائیں اور فوائد خود بتائیں۔

نسخہ

میتھی دانہ 100 گرام

سونف 50 گرام

سرسوں کے 50 گرام

بیج

السی 50 گرام

اسگندھ 100 گرام

ان سب چیزوں کو ہلکا سا دیسی گھی میں بھون لیں جلے نہیں اور بھوننے کے بعد پیس کر پوڈر بنا کے علیحدہ رکھ لیں

اب

تخم سرس **50** گرام

چھوٹی الائچی **20** گرام

کالازیرہ **50** گرام

کالے تل **50** گرام

ان سب کو بھی علیحدہ پیس کر رکھ لیں۔

اب

سونڈھ (شد کرنی ہے) **25** گرام

سورنجان شیریں **25** گرام

شد کرنی ہے پیاز کے رس میں **24** گھنٹے کرنا ہے۔ اور سورنجان شیریں جب شد ہو جائے گی تو اس میں

سلاجیت آفتابی 20 گرام ڈال کر علیحدہ پیس کر رکھ لیں۔

کوزہ مصری 50

اب سب چیزوں کو آپس میں مکس کر کے گرائنڈ کر لیں۔اور آپ کی اعلی قسم کی جوائنٹ گریس تیار ہے۔

بلڈ پریشر کا مریض سونڈھ کو نہ ڈالے پھر بھی نسخہ کام کرے گا۔

## استعمال

روزانہ صبح شام ناشتہ اور رات کا کھانا کھانے سے ایک گھنٹہ پہلے دودھ یا پانی سے ایک چمچ کھانے کا استعمال کریں۔

حکیم مہر حسنین رضا

# جریان زکاوت کی وجہ سے انتشار میں کمی

میں نسخہ دوبارہ پوسٹ کر رہا ہوں۔براہ کرم معمولی اجزاء سمجھ کر نظر انداز مت کریں ایک دفعہ ضرور بنا کر استعمال کرائیں۔انشااللہ یاد رکھیں گے۔

دوسری بات یہ ہے کہ میرے تجربے میں آیا ہے کہ **35** سال سے کم عمر لوگوں کو مردانہ کمزوری ہوتی ہی نہیں ہے یا بہت کم دیکھنے میں آئی ہے۔ ایسے لوگوں کو صرف جریان زکاوت کی وجہ سے انتشار میں کمی اور سرعت کا مسئلہ ہوتا ہے۔ یہ نسخہ استعمال کرائیں۔ انشااللہ مریض تیسرے دن ہی بتائے گا کہ جسم میں کرنٹ دوڑ گیا ہے۔ انتشار میں کمی۔ بے رغبتی۔ اور ایسے لوگ جو کہیں کہ ہمبستری کے بعد طبیعت میں الجھن بیوی سے نفرت اور جسم میں دردیں شروع ہو جاتی ہیں۔ تمام مسائل حل ہو جاتے ہیں۔ نمازی افراد میں کپڑوں کی ناپاکی کا مسئلہ ایک خوراک سے ہی حل ہو جاتا ہے۔

پھٹکڑی سفید بریاں۔ ست گلو برابر وزن۔

## خوراک

**4** رتی تا **1** ماشہ ہمراہ پانی خالی معدہ

ساتھ کھانے کے بعد یہ سفوف لازمی استعمال کرائیں۔

ریوند خطائی۔ میٹھا سوڈہ۔ ٹھیکری نوشادر۔ قلمی شورہ۔

تمام برابر وزن۔

## خوراک

**2 تا 3 ماشہ ہمراہ پانی بعد از غزاء۔**

نصاب ایک ماہ۔

**ختم شد**

